نیوز ریلیز

# البرٹا مجلس قانون ساز میں عید الاضحٰی

07 جولائی، 2022ء

البرٹا کی قانون ساز اسمبلی کے اسپیکر عزت مآب نیتھن ایم۔ کُوپر (Nathan M. Cooper) بروز منگل، 12 جولائی، 2022ء کو مقننہ روٹونڈا (Legislature rotunda) میں سہ پہر 3 بجے عید الاضحٰی کی تقریب کی میزبانی کریں گے۔

البرٹا اور دنیا بھر میں مسلم کمیونٹیز 13 جولائی کو سورج غروب ہونے پر عید الاضحٰی منانے کیلئے تیاری میں ہیں۔ جو قربانی کے تہوار کے نام سے جانا جاتا ہے، یہ تقریب حج کے اختتام کی نشاندہی کرتی ہے، جس میں لاکھوں فرزندانِ اسلام مکہ مکرمہ میں حج کرنے کیلئے جاتے ہیں۔

"عید الاضحٰی، یا قربانی کا تہوار، دنیا بھر کے مسلمانوں کے لئے ایک مقدس دن ہے اور ایک ساتھ مل کر دعا کرنے، کھانا بانٹنے، تحائف کا تبادلہ کرنے اور ضرورت مندوں کی خدمت کرنے کا موقع ہے،" اسپیکر کُوپر (Cooper) نے کہا۔ "سال بھر، البرٹا کی مسلم کمیونٹیز ہمارے صوبے کے کم حیثیت والے لوگوں کے لئے بہت زیادہ ہمدردی کا مظاہرہ کرتی ہیں، اور عید الاضحٰی عطا کرنے اور قربانی کے بارے میں سبق دیتی ہے، یہ وہ اقدار ہیں جو تمام البرٹنز کے لئے اہم ہیں۔"

مندرجہ ذیل شخصیات خیالات کا اظہار کریں گی:

- عزت مآب محمد یٰسین (Muhammad Yaseen)، ای سی اے، ایم ایل اے برائے کیلگری-نارتھ، البرٹا کے پریمیئر کی جانب سے
- ممبر راڈ لویولا (Rod Loyola)، ایم ایل اے برائے ایڈمنٹن-ایلرسلی، لیڈر آف ہَر میجسٹی کی وفادار اپوزیشن کی جانب سے
- محمد اقبال وٹو (Muhammad Iqbal Wattoo)، چیئر، ایڈمنٹن کونسل آف مسلم کمیونٹیز
- صدیق پٹھان (Sadique Pathan)، آؤٹ ریچ امام، الرشید مسجد
- زہرہ سومانی (Zahra Somani)، صدر، اسماعیلی کونسل برائے ایڈمنٹن

پروگرام میں تلاوت قرآن پاک بھی ہوگی۔ یہ تقریب عوام کیلئے ذاتی طور پر شرکت کیلئے کُھلی ہے اور اسے اسمبلی آن لائن اور قانون ساز اسمبلی آف البرٹا سوشل میڈیا چینلز پر بھی لائیو نشر کیا جائے گا۔

***ایڈیٹر کا نوٹ: اس رِیلیز کے پچھلے ورژن کو اَپ ڈیٹ کر دیا گیا ہے۔***

## میڈیا انکوائریز

جینیٹ ڈوٹیمس (Jeanette Dotimas)

780.862.6362
البرٹا کی قانون ساز اسمبلی

**ALBERTA'S RECOVERY PLAN**

Alberta's Recovery Plan is a plan to breathe new life into Alberta's economy and create new opportunities for every Albertan. It's a plan to build, to diversify, and to create jobs.